سوال

(550)انڈونیشین حاجیوں کا نیا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نام تبدیل کرنے کا کیا حکم ہے ۔ جس طرح اکثر انڈونیشی حاجی کرتے ہیں کہ وہ مکہ مکرمہ یا مدینہ منورہ میں جا کر اپنے تبدیل کر لیتے ہیں ۔ کیا یہ سنت ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی ﷺ برے ناموں کو بدل کر اچھے نام رکھ دیا کرتے تھے ۔ اگر انڈونیشیا کے حاجی اسی وجہ سے نام تبدیل کریں تو اجازت ہے اور اگر اس وجہ سے کریں کہ وہ حج سے فارغ ہوئے ہیں یا مسجد نبوی کی زیارت جو وہاں نماز پڑھنے کے لیے کی تھی اس سے فارغ ہوئے ہیں ، تب جائز نہیں ہے ۔ بلکہ احداث فی الدین کی وجہ سے یہ بدعت ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ